| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ___________ | ہفتہ: 7، دن: 1 | اُستاد کا نام: ___________ |

| سبق کا نام: ہمارا رہن سہن (Our Way of Life) | باب دوم: ثقافت (Culture) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پاکستان کے ثقافتی تنوع (مذہب، دست کاریاں، زبانیں، میلے اور تقریبات، لباس، تہوار، لوک گیت، پکوان اور آرٹ/فن) کو بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب،

**تحریکی سرگرمی:** **5 منٹ**

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ کو مختلف گروہوں میں بٹھائیں اور کسی ملک یا علاقے کی ثقافت کی تصویریں چارٹ پر چسپاں کروائیں۔ انھیں ان تصاویر اور معلومات پر مبنی ایک کتابچہ تیار کرنے کا کہیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** **25 منٹ**

- طلبہ کو صفحہ نمبر 16 پر متن مشہور تقریبات اور لوک گیت کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ سے مختلف قومی تقریبات کے دن پوچھیں اور ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- انھیں بتائیں یہ دن قومی تقریبات کے طور پر منائے جاتے ہیں۔
- مسیحی برادری 25 دسمبر کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کا دن بڑی شان سے مناتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں پاکستان کے لوک گیت زبانوں کے اعتبار سے اپنا اپنا مزاج، لہجہ اور انداز رکھتے ہیں۔ ماہیا پنجابی لوک ادب کی پہچان ہے۔
- انھیں بتائیں ثقافتی تنوع سے لوگ ایک دوسرے سے بہت کچھ سیکھتے ہیں۔

**اعادہ** **3 منٹ**

طلبہ سے قومی تقریبات کے دنوں کی تاریخ کاپی پر لکھوائیں۔

**جائزہ:** **5 منٹ**

پڑھائے گئے سبق سے متعلق طلبہ سے سوالات کریں اور ان سے جواب لیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ مکمل کرنی ہے۔

## ورک شیٹ

(الف) پاکستان میں منائی جانے والی قومی تقریبات مع تاریخ لکھیں۔

| تقریب | تاریخ | تقریب | تاریخ |
| --- | --- | --- | --- |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

(ب) پنجابی لوک ادب کی پہچان ہے چند مشہور لوک گیتوں کے نام لکھیں۔

________________________________________________________________________________________

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: | ہفتہ: 7، دن: 2 | اُستاد کا نام: |

| سبق کا نام: ہمارا رہن سہن (Our Way of Life) | باب دوم: ثقافت (Culture) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- کثیر الثقافتی معاشرے کے فوائد کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب،

**تحریکی سرگرمی:** 5منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- لائبریری سے مختلف کتابیں لا کر طلبہ کو فراہم کریں۔
- ان کے گروہ بنائیں اور ہر گروہ سے مختلف علاقوں کی ثقافت کی خصوصیات تحریر کروائیں۔
- اس کے بعد ہر گروہ سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی معلومات کو ساتھیوں کے سامنے پیش کریں۔
- بہترین کام کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25منٹ

- طلبہ سے صفحہ نمبر 16 سے ''کثیر الثقافتی معاشرے کے فوائد'' کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں ایسا معاشرہ جہاں بہت سی ثقافتوں سے تعلق رکھنے والے لوگ آباد ہوتے ہیں، کثیر الثقافتی معاشرہ کہلاتا ہے۔ پاکستان بھی ایک کثیر الثقافتی معاشرہ ہے۔
- انھیں بتائیں کثیر الثقافتی معاشرے کے بہت فائدے ہوتے ہیں۔ ایسے معاشرے میں رہنے والے لوگ نہ صرف ایک دوسرے سے بہت کچھ سیکھتے ہیں بلکہ ان میں تحمل اور برداشت کا جذبہ بھی پیدا ہوتا ہے۔
- ایسے لوگ ایک دوسرے کے مزاج اور رویے کو کھلے ذہن اور کشادہ دلی سے قبول کرتے ہیں۔ اس طرح کے معاشرے میں امن، بھائی چارے، مساوات اور اخوت کی فضا قائم ہوتی ہے اور معاشرہ خوشحال ہوتا ہے اور مضبوط قومی تشخص اور یکجہتی پیدا ہوتی ہے۔

**اعادہ** 3منٹ

طلبہ سے سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔

**جائزہ:** 5منٹ

سوال نمبر 2کا دوسرا سوال طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

(الف) کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| رسم ورواج | یوم آزادی |
| قومی لباس | رسم الخط |
| قومی تہوار | خواتین |
| حروف تہجی | ثقافت |
| دوپٹہ | شلوار قمیص |

(ب) پاکستان میں پائی جانے والی مختلف ثقافتوں کی مشترکہ خصوصیات کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | پہلی سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ____________ | ہفتہ: 7، دن: 3 | اُستاد کا نام: ____________ |

| سبق کا نام: ہمارا رہن سہن (Our Way of Life) | باب دوم: ثقافت (Culture) |
| --- | --- |

## مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- ماس میڈیا (Mass Media) اور سوشل میڈیا (Social Media) کی تعریف کر سکیں اور ان کے مابین فرق کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/ چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب،

## تحریکی سرگرمی: 5منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ سے پوچھیں:
  - ذرائع ابلاغ سے کیا مراد ہے؟
  - آپ اپنا پیغام دوسروں تک کیسے پہنچاتے ہیں؟
- طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 19 کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو فلیش کارڈز دکھاتے ہوئے ذرائع ابلاغ کا مطلب بتائیں۔ انھیں بتائیں وہ تمام ذرائع جن کی مدد سے ہم خبریں یا معلومات دوسروں تک پہنچاتے ہیں یا اُن سے حاصل کرتے ہیں، انھیں ذرائع ابلاغ کہتے ہیں۔
- طلبہ سے فلیش کارڈ پر انگلی کی اشارے سے دی گئی تصاویر واضح کر کے دکھائیں اور پوچھیں کہ ان تصاویر میں کون کون سے ذرائع موجود ہیں۔
- انھیں بتائیں معاشرے میں ایک مربوط زندگی گزارنے کے لیے دوسرے لوگوں اور عزیز و اقارب سے رابطہ قائم رکھنا بہت ضروری ہے اور یہ رابطہ ابلاغ کے ذریعے ممکن ہے۔
- طلبہ کو بتائیں ابلاغ (Media) کی دو قسمیں ہیں۔

1۔ ماس میڈیا     2۔ سوشل میڈیا

- ایسے ذرائع جو وسیع پیمانے پر پیغامات، اطلاعات زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچائیں، ماس میڈیا کہلاتے ہیں۔ ان میں اخبارات، رسائل، ریڈیو، ٹیلی وژن وغیرہ شامل ہیں۔
- جبکہ سوشل میڈیا سے مراد وہ آن لائن ذرائع ہیں جن کی مدد سے لوگ اپنی معلومات اور خیالات کا تبادلہ کرتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں جدید ذرائع ابلاغ نے دنیا کو گلوبل ویلج بنادیا ہے۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

پڑھائے گئے سبق سے متعلق سوالات کریں اور جواب کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

(الف) ذرائع ابلاغ سے کیا مراد ہے؟

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

(ب) ماس میڈیا سے کیا مراد ہے نیز کوئی سے پانچ ماس میڈیا کے ذرائع کے نام لکھیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________